© rasailojaraid.com






# شعبہ تحفیظ القرآن میں اختتامی تقریب

جامعہ سلفیہ کے شعبہ حفظ القرآن میں ختم قرآن حکیم کی تقریب سعید مورخہ 19 اگست 2008 بروز ہفتہ منعقد ہوئی۔ جس میں مہمان خصوصی مولانا ارشاد الحق اثری صاحب، مولانا عبدالحی انصاری صاحب اور مولانا عبدالخالق محمد صادق تھے۔ قرآن حکیم مکمل کرنے والے طلبہ نے اپنا آخری سبق مکمل کیا۔ اس کے بعد شیخ الحدیث مولانا حافظ مسعود عالم صاحب نے فضائل قرآن پر درس دیا۔ ان کے بعد مولانا ارشاد الحق اثری نے بھی قرآن حکیم اور ہماری زندگی پر خطاب کیا۔ پرنسپل جامعہ نے جامعہ کی طرف سے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ جبکہ مولانا عبدالخالق صاحب نے جامعہ کی حسن کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا۔ قاری محمد رمضان نے شعبہ حفظ القرآن کا مختصر تعارف پیش کیا۔ آخر میں مولانا عبیداللہ صاحب خلیفہ مجاز مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے خصوصی خطاب کیا اور دعا فرمائی۔ تمام شرکاء کو ظہرانہ دیا گیا۔

قرآن حکیم مکمل کرنے والے طلبہ کی فہرست درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام بمعہ ولدیت | علاقہ |
|---|---|---|
| 1 | محمد زبیر بن زبیر احمد | پتوکی |
| 2 | کاشف زبیری بن علیم زبیری | کالاباغ |
| 3 | احسان الٰہی ظہیر بن عبدالحمید | شاہ کوٹ |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| 4 | رضوان انور بن محمد انور | اوکاڑہ |
| 5 | ابوعبیدہ کاظمی بن بشیر الطیب | گوجرانوالہ |
| 6 | ابوہریرہ مدنی بن بشیر الطیب | گوجرانوالہ |
| 7 | عبدالرحمٰن بن محمد سرور | گوجرہ |
| 8 | محمد بلال توقیر بن عبدالستار | کھڑیانوالہ |
| 9 | عبدالرحمٰن بن عبدالخالق | فیصل آباد |
| 10 | کامران اکمل بن محمد رمضان | فیصل آباد |
| 11 | ابوالحسن علی بن عبدالرحمٰن آزاد | فیصل آباد |
| 12 | اسامہ نوید بن عبدالرحمٰن آزاد | فیصل آباد |
| 13 | عثمان بشیر بن محمد بشیر | فیصل آباد |
| 14 | ثناء اللہ بن محمد زکریا | خانیوال |
| 15 | ذیشان سعید بن محمد سعید | فیصل آباد |
| 16 | عبدالعظیم بن عبدالعلیم | فیصل آباد |

## سالانہ تقریب بخاری تکمیل صحیح بخاری شریف

دینی مدارس اور جامعات میں تعلیمی سال کے اختتام پر ایک پروقار تقریب اور اجتماع ضرور منعقد ہوتا ہے جس میں جہاں تکمیل صحیح بخاری شریف کا خصوصی اہتمام ہوتا ہے وہاں فارغ التحصیل طلبہ کو پندونصائح کیے جاتے ہیں۔ اور انہیں گرانقدر کتب اور تحائف سے نوازا جاتا ہے۔ اور پورے احترام کے ساتھ رخصت کیا جاتا ہے تاکہ وہ عملی میدان میں اطمینان سے کام جاری رکھ سکیں۔

اس ضمن میں جامعہ سلفیہ میں سالانہ تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف 12 اگست بروز منگل منعقد ہوئی۔ موسم کی خرابی کی وجہ سے جامعہ مسجد میں اس کا اہتمام کیا گیا۔ درس بخاری کے لیے ممتاز عالم دین حضرت علامہ ڈاکٹر حافظ عبدالرشید اظہر صاحب تشریف لائے تھے۔ افتتاحی گفتگو جامعہ میں شیخ التفسیر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مولانا حافظ مسعود عالم صاحب نے فرمائی۔ انہوں نے جہاں حدیث کی اہمیت اور اسکی خدمت کی فضیلت بیان فرمائی۔ وہاں فارغ التحصیل طلبہ کو بھی نصیحت کی کہ وہ اخلاص نیت کے ساتھ میدان عمل میں اتریں۔ اور اسلام کی سربلندی کے لیے ہر قربانی دینے کا جذبہ پیدا کریں۔ یہ انبیاء کا راستہ ہے۔ جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کا انتخاب کیا ہے۔ اس کے بعد درس حدیث کے لیے ڈاکٹر حافظ عبدالرشید اظہر صاحب نے خطاب کیا۔ انہوں نے اسلام کی حقانیت اور موجودہ حالات میں اسلامی فلسفہ کی ضرورت پر تفصیل سے روشنی ڈالی اور بتایا کہ امام بخاری نے کس طرح مشکلات میں رہ کر یہ عظیم الشان کتاب مرتب کی۔ انہوں نے بتایا کہ ہم آج جن بحرانوں میں گرے ہوئے ہیں۔ اس سے نکلنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ اسلام میں مکمل داخل ہو جائیں۔ اس کے بعد تمام فارغ التحصیل علماء کرام کو گرانقدر کتب اور تحائف سے نوازا گیا۔ اس تقریب میں رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن، حاجی بشیر احمد، صوفی احمد دین، مولانا محمد یوسف انور، پروفیسر ایس ایم شریف، چودھری عبدالسلام، قاری محمد ایوب، مولانا عبدالحی انصاری، میاں عبدالحفیظ سرگودھا بطور خاص شریک ہوئے۔ جبکہ پرنسپل جامعہ نے جامعہ کا مختصر تعارف پیش کیا۔

آخر میں شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ مولانا حافظ عبدالعزیز علوی نے خصوصی دعا فرمائی۔ اور تمام شرکاء کو عشائیہ دیا گیا۔

## فارغ التحصیل علماء کے اسماء گرامی

| نمبر شمار | نام بمعہ ولدیت | علاقہ | نمبر شمار | نام بمعہ ولدیت | علاقہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حافظ خالد عمران بن عبدالسلام | ملتان | 18 | ابوالحسن بن مولانا عبدالحی | فیصل آباد |
| 2 | حافظ شہزاد عامر بن نجیب الرحمٰن | منڈی بہاؤالدین | 19 | ابوحذیفہ بن مولانا عبدالحی | فیصل آباد |
| 3 | حافظ فرمان علی بن فرزند علی | مریدکے | 20 | حامد اکرم بن الدکتور محمد اکرم | حیدرآباد سندھ |
| 4 | محمد نعیم بن صاحب شاہ | ڈیرہ صوبہ سرحد | 21 | حافظ عبدالحفیظ زاہد بن محمد شریف | میاں چنوں |
| 5 | محمد ظفر اللہ بن عبداللطیف | دیپالپور | 22 | حافظ عبدالغفار بن محمد یونس | شکرگڑھ |
| 6 | فیاض احمد بن لیاقت علی | اوکاڑہ | 23 | حافظ تنویر ساجد بن عبدالرشید | جھنگ |
| 7 | کامران اکبر بن چوہدری محمد اکبر | خانیوال | 24 | حافظ عمار علی سعید بن محمد سعید | فیصل آباد |
| 8 | حافظ عمر فاروق بن قاری محمد ایوب | فیصل آباد | 25 | حافظ محمد احسان بن محمد صدیق | فیصل آباد |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 9 | حافظ تنویر الاسلام بن منیر احمد | شرقپور | 26 | صغیر نواز طاہر بن رب نواز | شکرگڑھ |
| 10 | محمد عرفان بن محمد یار | ملتان | 27 | محمد نوید شاکر بن عبد اللطیف | فیصل آباد |
| 11 | محمد عباس بن نذیر احمد | چونکی | 28 | حافظ زاہد فاروق بن سلامت علی | کمالیہ |
| 12 | عبد الخالق بن عبد الرحمٰن | جڑانوالہ | 29 | حافظ عبد الوحید بن ذوالفقار علی | مانانوالہ شیخوپورہ |
| 13 | محمد زاہد بن محمد سرور | سانگلہ ہل | 30 | محمد طیب مجاہد بن بشیر احمد | سمندری |
| 14 | محمد شاہد انور بن محمد انور | میاں چنوں | 31 | محمد عبد اللہ بن نور محمد | ٹوبہ ٹیک سنگھ |
| 15 | حافظ محمد عبد اللہ ساجد بن محمد حسین | قصور | 32 | محمد بلال بن محمد سلطان | فیصل آباد |
| 16 | منظور احمد بن محمد اسماعیل | اوکاڑہ | 33 | محمد طارق بن مرزا حبیب اللہ | فیصل آباد |
| 17 | حافظ عابد مجید بن عبد المجید | فیصل آباد | 34 | حافظ محمد عبد اللہ بن قاری خبیب احمد | قصور |
| | | | 35 | محمد غلام رسول بن محمد طالب | چیچہ وطنی |

اسلامی علوم میں تخصص کی عظیم دانش گاہ

# مركز التربية الإسلامية

## میں داخلہ لیجیے

**اہلیت:** امیدوار کسی معروف دینی ادارے سے فارغ التحصیل یا مساوی استعداد کا حامل ہو۔ تقریر اور تحریر میں نمایاں صلاحیت رکھتا ہو۔ ذہین، محنتی، باعمل اور بلند اخلاق کا حامل ہو۔ تین سالہ مدت تعلیم مکمل کرنے کا عہد کرے۔

**شیڈول:** ا۔ کاغذات کی وصولی 20 رمضان المبارک 1429ھ تک ہوگی۔ جس میں عربی درخواست کے علاوہ شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد کی نقول، دو عدد تصاویر اور دو معروف علماء کے تزکیے شامل ہوں۔

۲۔ تحریری امتحان 10 شوال، 12 اکتوبر بروز اتوار صبح دس بجے مرکز ہذا میں منعقد ہوگا۔

۳۔ تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے طلبہ کا زبانی امتحان 12,13 شوال بروز منگل، بدھ صبح 9 بجے سے 2 بجے تک ہوگا

۴۔ قبولیت کا حتمی فیصلہ ایک ہفتہ کی کلاس کے بعد ہوگا۔ جس کا آغاز 16 شوال بروز ہفتہ صبح 8 بجے سے ہوگا۔

زیر اہتمام: التربیہ انٹرنیشنل ٹرسٹ W-43,44 نزد اعوان چوک گلستان کالونی فیصل آباد

رابطہ: حافظ محمد شریف صاحب (چیئرمین) 0333-6508107 ۔ حافظ مسعود عالم صاحب (جنرل سیکرٹری) 041-8784717

ناظم دفتر: 0321-6671251 ۔ دفتر: 041-8789325 ۔ فیکس: 041-8847663



© rasailojaraid.com